

قرآن انسٹیٹیوٹ

محمد بلال

قرآن مجید اللہ تبارک وتعالیٰ کا کلام ہے اور انسانیت کے لئے کتاب ہدایت ہے دنیا و آخرت میں فلاح و نجات کے لئے قرآن حکیم پر ایمان اور عمل کئے بغیر چارہ نہیں۔ قرآن کو سمجھنے کے لئے اور اس پر عمل کرنے کے لئے حدیث و سنت کا علم اور اسوہ و سیرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے رہنمائی حاصل کرنا لازم ہے۔ وطن عزیز پاکستان جو لا الہ الا اللہ اور قرآن و سنت کے عملی نفاذ کے لئے خداوند کی طرف سے برصغیر کے مسلمانوں کو عطیہ ملا ہے' کی بقا و ترقی بھی قرآن و سنت پر عمل اور اس کے دستوری و قانونی نفاذ سے ہی ممکن ہے۔ اس الٰہی مقصد کو حاصل کرنے کے لئے جہاں اور بہت سے قرآنی ادارے کام کر رہے ہیں وہاں (قرآن انسٹیٹیوٹ) بھی اس مقصد کے لئے تاسیس کیا گیا ہے اس ادارے کا تعارف پیش خدمت ہے:

تاسیس:

مارچ ۱۹۹۶ میں چند احباب نے اپنی انفرادی و اجتماعی صلاحیتوں کو اللہ کی راہ میں صرف کرنے کے جذبے کے تحت (قرآن انسٹیٹیوٹ) قائم کیا۔ ادارے کے موئسیسین میں قدر مشترک یہ ہے کہ سب ہی دینی پس منظر رکھتے ہیں' کسی کو قرآن و حدیث کی تعلیم و تدریس اور عربی زبان پر دسترس ہے' کسی کے پاس انفاق فی سبیل اللہ کا جذبہ ہے' کوئی سائنسی علوم سے بہرہ ور ہے' کسی کو انتظامی تجربہ ہے

کوئی نشرواشاعت کا تجربہ رکھتا ہے' غرض کہ سب اسی آیہ کریمہ "وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ" پر عمل کرتے ہوئے قرآن پاک کی نورانی تعلیمات کو اللہ کی رضا کی خاطر اللہ کے بندوں میں پھیلا دینا چاہتے ہیں۔

اغراض و مقاصد :۔

فہم قرآن -- معاشرے کے باشعور طبقے میں قرآن و حدیث کو براہ راست سمجھنے کی استعداد پیدا کرنا تاکہ تلاش حق میں سہولت ہو۔ چونکہ قرآن و حدیث کی زبان عربی ہے تفہیم قرآن و حدیث کے لئے اس کی تدریس کا اہتمام کرنا تاکہ موجودہ تراجم قرآن کو صحیح طور پر سمجھا جا سکے۔

عمل بالقرآن۔

زندگی کے ہر شعبے میں قرآن مجید کی تعلیمات اور اس کی عملی تفسیر سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہدایت و راہنمائی حاصل کر کے اس پر عمل کرنا فہم قرآن کا اولین تقاضا ہے مسلم امہ کو اس کا احساس دلانا اور اس کے لئے تیار کرنا۔

قرات قرآن۔

قرآن مجید کی قرات اور اس کے صحیح تلفظ میں دقت محسوس کرنے والے حضرات کے لئے ناظرہ اور تجوید کا اہتمام کرنا۔

دعوت الی القرآن۔

قرآن مجید کی آیت "وَ تُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ" پر عمل کرتے ہوئے وقت اور مال کی قربانی پیش کرنا' فہم قرآن کی دعوت دینا اور اس مقصد کے لئے تمام ذرائع ابلاغ کا استعمال کرنا۔

سلیبس اور نظام تعلیم

فہم قرآن کورس (بلا معاوضہ) ۴ ماہ پر مشتمل اس کورس میں قرآن انسٹیٹیوٹ کی طرف سے مرتب کردہ ایک سلیبس کی تدریس کرائی جاتی ہے سلیبس حسب ذیل ہے :

- پہلے تین ماہ میں عربی گرائمر کے ضروری قواعد اور قرآن مجید کی مختلف آیات اور احادیث نبویہ کی تدریس کرائی جاتی ہے۔

- آخری ماہ میں عربی قواعد کی رو سے قرآن مجید کے رواں ترجمے کی مشق کرائی جاتی ہے۔
- کلاس کا دورانیہ روزانہ ایک گھنٹہ ہے' کلاس کا وقت شام کو اس طرح رکھا گیا ہے کہ طلبہ' ملازمت پیشہ اور کاروباری حضرات بہ سہولت وقت نکال سکیں۔

مستقبل کے منصوبہ جات

مختصر کورسز' مختلف موضوعات پر علمی کورسز اور سیمینار منعقد کرانا۔

مختلف اداروں میں کلاسز کا اجراء ۔ مختلف اداروں مثلاً" کالجز' دفاتر' سرکاری و غیر سرکاری محکمہ جات میں کورسز منعقد کرانے کا اہتمام۔

اساتذہ کی تیاری- قرآن انسٹیٹوٹ کے اغراض و مقاصد کی تکمیل کے لئے اساتذہ تیار کرنا۔

لٹریچر کی تیاری- قرآن کی آسان لغوی تشریح اور جدید انداز سے قرآن مجید کی تفسیراور دیگر قرآنی موضوعات پر لٹریچر مہیا کرنے کا اہتمام کرنا۔

ہماری دعا ہے کہ ایسے ادارے جو رضائے الٰہی کی خاطر کام کر رہے ہیں۔ خداوند عالم ان کو ترقی عطا فرمائے ۔ آمین

مزید معلومات کے لئے رجوع کیجئے:

قرآن انسٹیٹیوٹ ۹۲ بیسمنٹ رضیہ شریف پلازہ

بلیو ایریا اسلام آباد فون: 277456

یرفع اللہ الذین امنوا منکم والذین اوتوا العلم درجات

(مجادلہ/ ۱۱)

خدا مومن علماء و دانشوروں کے درجات بلند کرتا ہے۔